دار العلوم کے شب وروز .... شفیق الدین فاروقی

افغان حکومت اور شوریٰ کے نائب صدر مولانا عبدالکبیر حقانی کی دارالعلوم تشریف آوری :

گزشتہ دنوں تحریک طالبان کے اہم حکومتی عہدیدار اور عظیم مجاہد مولانا عبدالکبیر فاضل دارالعلوم حقانیہ کئی علماء اور افغان حکومت کے اہم ارکان سمیت دارالعلوم تشریف لائے۔ آپ نے دارالعلوم حقانیہ کے مختلف نئے شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ مولانا عبدالکبیر حقانی افغانستان کے شوریٰ کے نائب صدر بھی ہیں اور اسکے ساتھ ساتھ صوبہ ننگرہار جلال آباد کے گورنر بھی۔ آپ نے نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب کی رہائش گاہ پرانی سے تفصیلی ملاقات کی۔ اس موقع پر مولانا حامد الحق صاحب اور دیگر اساتذہ اور علماء کرام بھی موجود تھے۔

سپاہ صحابہ کے صدر مولانا اعظم طارق کی دارالعلوم تشریف آوری :- اسی طرح گزشتہ ہفتے سپاہ صحابہ پاکستان کے صدر اور معروف عالم دین مولانا اعظم طارق صاحب اپنے ساتھیوں سمیت دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ آپ نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے انکی رہائش گاہ پر تفصیلی ملاقات کی۔ دوران ملاقات ملک کی سیاسی اور عالمی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ بعد میں آپ نے دارالعلوم کی جامع مسجد میں طلباء سے خطاب بھی فرمایا۔

معروف بین الاقوامی امریکن نیوز ٹی وی چینل سی این این(CNN) ٹیم کی دارالعلوم آمد دارالعلوم کی عظیم خدمات اور اسکے عالمی کردار کے باعث حسب سابق عالمی اور خصوصاً مغربی میڈیا کے نمائندے لگاتار حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے انٹرویوز لینے اور دارالعلوم کو دیکھنے کیلئے مسلسل آرہے ہیں۔ اسی سلسلے میں امریکہ کے معروف اور سب سے مقبول نیوز ٹی وی چینل سی این این کی ٹیم بھی گزشتہ دنوں دارالعلوم حقانیہ آئی۔ اور حضرت مولانا سے دی ورلڈ ٹوڈے (The World Today) پروگرام کیلئے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ انٹرویو پروگرام کی سینئر نیوز پروڈیوسر مسز نینسی لین (Nancy Lane) اور ڈیوڈ ایس رسٹ (David S. Rust) اور انکے ساتھی نے ریکارڈ کیا۔ بعد میں آپ نے دارالعلوم کے مختلف کلاسوں اور اساتذہ اور طلباء سے انٹرویوز بھی لئے۔ یہ